تصنیف حضرت سید شاہ برہان الدین جانم بیجاپوری رحمۃ

کلمۃ ا ... ق

Hanif Razvi

مرتبہ

محمد اکبر الدین صدیقی

ادارہ ادبیات اردو

خیریت آباد حیدرآباد دکن

سلسلۂ مطبوعات ادارۂ ادبیات اُردو ۲۷۸

تصنیف حضرت سید شاہ برہان الدین جانم بیجاپوری قدس سرہٗ العزیز

حضرت
الدین چراغ

کلمۃ الحقایق

Hanif Razvi

مرتبہ

محمد اکبر الدین صدیقی لکچرار جامعہ عثمانیہ

ناشر

ادارۂ ادبیات اُردو خیریت آباد

حیدرآباد دکن

طبع اول ۵۰۰ جولائی ۱۹۶۱ء

مطبوعہ

اعجاز پرنٹنگ پریس چھتہ بازار

Hanif Razvi

مقدمہ

حضرت میراں جی شمس العشاق، ان کے خاندان کے افراد اور ان کے خلفاء نے نہ صرف مذہبِ اسلام اور تصوف پر گراں قدر کتابیں لکھی ہیں بلکہ قدیم اُردو ادب کی بھی بے انتہا خدمت کی ہے۔ یہ وہ دور ہے کہ اردو عالمِ طفولیت میں تھی لیکن اس کے باوجود وہ علماء اور صوفیا کے اظہارِ خیال کا ذریعہ بنی۔ حضرت شیخ فرید گنج شکرؒ، حضرت نظام الدین اولیا محبوب الٰہیؒ اور حضرت شاہ نصیر الدین چراغ دہلیؒ نے ایک ایک دو دو جملے اس زبان میں ادا فرما کر اس کو عزت بخشی اور اس کے بعد حضرت امیر خسروؒ نے اس کو بہت جلد بلند مقام عطا کر دیا۔ دکن میں حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ نے اپنے رسایل سے اس کے ادبی معیار کو بلند کیا اور گجرات میں حضرت شیخ عین الدین گنج العلمؒ نے تصوف کے مسائل اپنے مریدوں کو اسی زبان میں سمجھائے۔

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کے ایک خلیفہ حضرت شاہ جمال الدینؒ مغربی ہیں جن کے خلیفہ حضرت شاہ کمال الدین مجرد بیابانیؒ سے حضرت میراں جی شمس العشاق نے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ آپ حاجی شریف دوام الدین ابن سید علی کے صاحبزادے تھے۔ حضرت حاجی شریف دوام الدین کا قیام مکہ معظمہ میں حضرت ابوبکر قحافہ کے مکان سے قریب محلہ قرشیہ میں تھا آپ ہندوستان آئے اور چغتائی خاندان میں شادی کی۔ کچھ دن قیام کیا اور پھر مکہ معظمہ واپس ہوئے۔ یہیں حضرت امیر الدین میراں جی شمس العشاق کی

Hanif Razvi

ولادت ہوئی۔ بائیس سال کی عمر میں آپ پر ایک خاص کیفیت طاری ہوئی اور آپ مدینہ منورہ گئے بارہ سال تین ماہ پانچ یوم قیام کیا۔ ہر سال حج کیا درس وتدریس اور زہد و ریاضت میں مصروف رہے ریاضت کا یہ عالم تھا کہ بارہ سال تک صرف ایک پہلو پر سوئے۔ بارگاہ نبویؐ سے حکم ملا کہ ہندوستان جائیں آپ نے زبان نہ جاننے کا عذر کیا تو ارشاد ہوا کہ تمھیں سب زبانیں آجائیں گی۔ شاہ کمال الدین بیابانی کے پاس جائیں اور ان کے حکم کی تعمیل کریں۔ چنانچہ وہ ہندوستان پہنچے شاہ کمال الدین بیابانی سے ملے ان کے حکم کی بنا پر مقام بھنکار میں عقد کیا اور انھیں کے حکم سے بیجاپور آئے۔ یہاں اپنی فضیلت علمی سے عوام کے قلوب کو مسخر کیا[1] ۱۵ر شوال ۹۰۲ھ / ۱۴۹۶ع کو آپ کا وصال ہوا۔ آپ کی تاریخ وفات شاہ حسین ذوقی نے "شمس العشاق" سے نکالی ہے لیکن اس سے زیادہ مستند ایک مرثیہ ہے جس میں الفاظ میں یہی تاریخ دی گئی ہے۔ یہ مرثیہ مربع کی صنف میں ہے اس میں ۴۲ بند ہیں اور درمیان میں جگہ جگہ دوہرے بھی کہے گئے ہیں جن کی تعداد پندرہ ہے۔ یہ مرثیہ حضرت شمس العشاق کے صاحبزادے حضرت برہان الدین جانم کا ہے وہ دوہرے اور کبت وغیرہ لکھنے میں ماہر تھے اس قسم کی کئی اور چیزیں کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ چنانچہ اسی مرثیہ کے چند اشعار ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم نے اپنے مضمون میں بھی درج فرمائے ہیں[2] لیکن انھیں یہ پتہ نہیں کہ یہ مرثیہ کس کا ہے۔ اس کے چند اشعار مع دوہروں کے حسب ذیل ہیں۔

شاہ میراں جی جگ رتن، سوہے رتن میخ دل کندن۔ لیتا چھونا اپنی اذن، جے کچ حکم الٰہی کا
سوہی میراں مج پیر ہے، ادس روزگا دستگیر ہے۔ جگ رتنا میں ہیرہے، جے کچ حکم الٰہی کا

۱؎ وصل نامہ حضرت میراں جی شمس العشاق مخطوطہ ۶۳۸ ادارۂ ادبیات اردو۔
۲؎ قدیم اردو ڈاکٹر عبدالحق انجمن ترقی اردو پاکستان ص۔

Hanif Razvi

دوھرا

بن تیل دیوا کیوں جلے بن دو نکہ پنکھی جوں پھرے
یو جیو با دل بج بنا ، بن جل مچھی تڑپیا کرے

تجہ سوز برہے نراغ پر ، جوں موم گلتا آگ پر ۔ یوں دکھ لکھیا مج بھاگ پر ، جے کچ حکم الہی کا
منج باج نا کچ غم کرو ، توکل تکیہ اس پر دھرو ۔ بولیا چالیا تم معاف کرو ، جے کچ حکم الہی کا

دوھرا

کوئی نار میں ات جگ دونی سب جگ مرن ہار
کوئی آنگیں کوئی پیچیں پنتھ لگے سیتھن چلن ہار

جے کوئی ولی ہور اولیا سب کوئی پیالہ پیا ۔ جس جیو دیا اوس موت دیا جے کچ حکم الہی کا
جے غوث قطب جے بڑے جن کے مکٹ رتن جڑے ۔ سب ہے اندھارے گور پڑے جے کچ حکم الہی کا
منج ہون دیو مشغول ہوں ، نا کوئی ادھوم تم غول ہوں ، خوشنود رب کے قول سوں ، جے کچ حکم الہی کا

دوھرا

جے کوئی جیویں سب مریں دائم جیوے نا کوئے
قیامت لگ جے جیویں تو آخر مرنا ہوئے

تاریخ و مقام

تاریخ حضرت سال نو سو دو اس پر اگلے بھی دو ۔ دو دن مدت وفا شو جے کچ حکم الہی کا
اربع سوں یو سال ہے ماہ ہے کوں شوال ہے ۔ رحلت کئے اس حال ہے جے کچ حکم الہی کا
تاریخ بست و پنج بود بسیار گریاں رنج شد ۔ در حال واصل گنج خود جے کچ حکم الہی کا
شب پنجشنبہ روشن کیا ہجرت منور پور کیا ۔ جیوڑا قبض کران لیا جے کچ حکم الہی کا
دنیاں کا منج پدرا ہے اور دین منج لنگرا ہے ۔ اس دکھ کا منج عذرا ہے ، جے کچ حکم الہی کا
دنیاں تھے منج فاضل کیا ، اور دیں منج حاصل کیا ۔ یا حق منج واصل کیا ، جے کچ حکم الہی کا

دوھرا

جگ چنتاؤں من تو میراں قلب دکھ ایا توں دیسے
سوہیج جینا ساچ کر سنگت تیرے جی بسے

دوھرا

تج بن سکھ نا پاؤں منج دکھ گہرا ہوئے
اکھر میرے یوں لکھے میٹ نا سکے کوئے

مقام کا ذکر

روضہ منور پور ہے، مقام تخت شہ پور ہے۔ دیں دنیا میں ظہور ہے، جے کچ حکم الٰہی کا

یہ مرثیہ حضرت میراں جی شمس العشاق کی عالمانہ فضیلت و بزرگی اور صوفیانہ زندگی کا آئینہ ہے اور بیٹے نے باپ کے غم میں اپنی آنکھوں سے جو گنگا جمنا بہائے ہیں وہ آج بھی اسی طرح ہمارے سامنے ہیں ان کی صوفیانہ زندگی مرنے پر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ اس کا اثر پشت ہا پشت تک باقی رہتا ہے۔ ہم حاجی شریف دوام الدین کے حالات سے تو کچھ باخبر نہیں ہیں لیکن حضرت امیر الدین میراں جی شمس العشاق کے کارناموں سے بخوبی واقف ہیں۔ ہمیں یہ آگاہی ان کے اخلاف اور سپوتوں کے کارناموں سے حاصل ہوتی ہے۔ ان کی تعداد بھی کچھ کم نہیں اور نہ ان کے ادبی کارنامے ہی مختصر ہیں بلکہ یہ ایک بحر ذخار ہے اور اس بحر میں ایسے گوہر شاہوار بھی مل جاتے ہیں جو حضرت شاہ میراں جی یا حضرت شاہ برہان الدین جانم یا ان کے صاحبزادے حضرت امین الدین اعلیٰ سے تعلق رکھتے ہیں ایسے قابل قدر کارنامے چھوڑنے والے صوفی کا ایک مختصر اور نامکمل سا شجرہ یہاں پیش کیا جاتا ہے جس سے اندازہ ہو سکے گا کہ اس ایک خاندان کے افراد و ارکان نے ادب اور تصوف کی کیا خدمات انجام دی ہیں۔

Hanif Razvi

شجرہ

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ

حضرت شاہ جمال الدین مغربی

حضرت شاہ کمال الدین بیابانی

حضرت امیر الدین میراں جی شمس العشاق فرزند حضرت حاجی شریف دوام الدین

صاحبزادے
شاہ برہان الدین جانم

خلیفہ
مرزا فصیح الدین عرف بابا سنجل

شیخ داول
حاجی محمد اسحاق مدراسی
صاحبزادے
شیخ خان میاں
شیخ محمود خوش دہاں

صاحبزادے
حضرت شاہ امین الدین اعلیٰ

سید محی الدین بادشاہ قادری
سالک غوث نما

محمد معظم بیجاپوری
شاہ محمدی
شاہ من عرف
شاہ میراں حسینی میرانجی خدا نما

فرزند
باباشاہ

معصوم سید شاہ محمد قادری نور دریا

قادر شاہ عبداللطیف معروف بہ قادر فانی فی اللہ

خلیفہ
میراں یعقوب

شاہ عبداللہ حسینی
مخدوم شاہ حسینی

فرزند
سید امین الدین حسینی

فرزند
شاہ علی پیر پاشا حسینی

تراب علی شاہ معروف بہ شاہ تراب

فرزند
خواجہ حسن گنج بخش
ان کے بعد
خواجہ عارف گنج بخش
فرزند
سید امین

Hanif Razvi

یہ شجرہ ظاہر ہے کہ مکمل نہیں ہو سکتا۔ جس کے سینکڑوں ہزاروں مرید ہوں اور کئی کئی خلفاء تو یہاں تو صرف چند کے نام ہیں لیکن یہ حضرات ایسے بزرگوار ہیں جنھوں نے ایک یا ایک سے زیادہ تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ فارسی میں دو چار رسالے ملیں گے لیکن باقی تصانیف اُردو میں ہیں۔ یہی سبب تھا کہ میں نے تین سال پہلے انھیں تحقیقاتی کام کرنے کا ارادہ کیا اور مواد جمع کرتا رہا۔ لیکن کام ہمیشہ تشنہ ہی معلوم ہوتا رہا۔ ہر وقت ایک نئے رکن یا کسی رکن کی نئی تصنیف کا فہرست میں اضافہ ہوتا رہا۔

مولوی عبدالحق صاحب نے ذکر کیا ہے کہ انھیں اس خاندان کے رسائل کے مجموعے کی ایک کتاب ملی ہے جو ۱۱۶۸ھ کی مکتوبہ ہے[1]۔ اور میری خوش قسمتی یہ ہے کہ اسی کی ایک نقل مجھے ڈاکٹر زور صاحب کے کتب خانہ عنایت اللٰہی میں مل گئی جس میں چھوٹے بڑے سب ملا کر پچھتر سے زائد رسائل ہیں۔ چنانچہ گزشتہ صفحات میں جو مرتبہ دیا گیا ہے اسی سے نقل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کتب خانوں میں اور بہتیرے رسائل ہیں جن کے مصنفین کا تعلق حضرت شمس العشاق سے نسباً یا ارادتاً ہے اور میرا کام اس طرح آگے بڑھ رہا ہے۔

یہ رسالہ کلمۃ الحقایق حضرت شمس العشاق کے فرزند حضرت برہان الدین جانم کی تصنیف ہے۔ حضرت برہان الدین جانم کے ایک خلیفہ حضرت شیخ محمود چشتی نے معرفت السلوک[2] ایک رسالہ لکھا ہے اس میں حضرت شاہ برہان کے لیے جو القاب استعمال کئے ہیں حسب ذیل ہیں۔ شاہ مرداں پناہ طالبان حقیقت دستگاہ مقبول حضرت الاکمل الاولیا و افضل الاتقیا صدر نشین محمد مصطفےٰ صاحب الشریعت والطریقت، بحر الحقیقت والمعرفت مہدی دین و ہادی المومنین امام العاشقین والعارفین کامل الانسان محقق زماں

---

[1] اُردو کی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا کام مطبوعہ انجمن ترقی اردو ہند دہلی ۱۹۲۹ء دوسری بار
[2] مخطوطہ مخزونہ کتب خانہ ادارہ ادبیات اُردو ۲۰۴ معرفت السلوک از شیخ محمود چشتی۔

Hanif Razvi

مظہر و مظہر ذات و صفات سبحان اعنی بندگی شاہ برہان المعظم والمکرم قطب الحق والدین شمس المحققین قدس اللہ سرہ العزیز۔ آپ کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات کا صحیح پتہ نہ چل سکا۔ لیکن چونکہ حضرت جانم کی ایک کتاب ارشادنامہ کی تصنیف کا سنہ ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء ہے اس لیے اس کے بعد ہی ان کی وفات قرار دی جاسکتی ہے۔ اور اس طرح زیرنظر کتاب سنہ ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء کے قبل لکھی گئی ہے لیکن اس کی تصنیف کی صحیح تاریخ متعین نہ ہوگی اس کے مخطوطے ہمارے علم میں حسب ذیل ہیں۔

(۱) مولوی عبدالحق صاحب کا نسخہ مکتوبہ سنہ ۱۰۶۵ھ جس کی نقل کتب خانہ خانقاہ عنایت اللہی میں موجود ہے۔

(۲) کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو — ایک نسخہ

(۳) کتب خانہ آصفیہ — ایک نسخہ

(۴) کتب خانہ جامعہ عثمانیہ — ایک نسخہ

(۵) کتب خانہ انجمن ترقی اردو علی گڈھ — ایک نسخہ اور

(۶) ایک نسخہ مولوی سید محمد مورخ صاحب بیدری کے پاس بھی ہے۔ اس میں بلحاظ تاریخ سنہ ۱۰۶۵ھ کا سب سے قدیم نسخہ ہے اور اس کے بعد ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ کا نسخہ بھی بلحاظ تحریر و کاغذ وغیرہ بہت قدیم ہے۔

ادارہ کے نسخہ میں ترقیمہ حسب ذیل ہے۔

"خاتمہ:۔ تمت تمام شد بتاریخ بست و نہم ماہ ذیحجہ روز دوشنبہ بوقت یک پہر چہار گھڑی درگاہ میراں صاحب نوشتہ شد ایں کتاب کلمۃ الحقائق بہ سرکار حضرت صاحب است ہر کسے دعویٰ کند گنہ گار شرع باشد۔"

اس طرح اس کی کتابت دوشنبہ ۲۹ ذیحجہ کو یک پہر چار گھڑی پر ختم ہوئی لیکن سن موجود نہیں۔ درگاہ میراں صاحب بھی مبہم ہے اگر یہ میراں جی شمس العشاق

Hanif Razvi

کی درگاہ ہے تو پھر اس کی قدامت مسلم ہو سکتی ہے لیکن اگر یہ میراں حسینی خدا نما کی درگاہ ہے تو میراں حسینی خدا نما کا انتقال ۱۰۷۴ھ/۱۶۶۳ء میں ہوا اور مخطوطہ اس کے بعد کا قرار دیا جائے گا لیکن کاغذ اور کتابت وغیرہ سے قدامت برستی ہے ممکن ہے کہ میراں جی شمس العشاق ہی کی درگاہ میں اور حضرت امین الدین اعلیٰ کے زمانے میں لکھا گیا ہو۔

جامعہ عثمانیہ کے مخزونہ نسخہ کا ترقیمہ حسبِ ذیل ہے:۔

"ہذا الکتاب کلمتہ الحقایق بالاتمام رسیدہ۔ ایں رسالہ تصنیف حضرت قطب الاقطاب سلطان العارفین شاہ برہان الدین قدس اللہ سرہ العزیز کاتب الحروف عبد الضعیف فقیر حقیر سید محمد خواجہ ابن حضرت سید عبد القادر معروف حاجی الحرمین الشریفین محمد حیران شاہ دریا حسنی الحسینی القادری ابن محمد خواجہ معروف شاہ دریا ابن شاہ جلال ابن شاہ ابو الحسن ابن سید علی اکبر ابن سید بایزید ابن میراں سید علی قادری النار ابن کھیڑا ابن میراں سید مصطفےٰ ابن میراں سید حیدر ابن میراں سید محمد قدس اللہ ارواحہم بعون اللہ الملک الوہاب الرشید برائے ارشاد الطالبین آمین یا رب العالمین وکتب الرسالہ الختم من شہر شوال فی التاریخ خمس الیوم الاثنین آخر وقت العصر ساعتہ الشمس سنہ ۱۱۵۸ یک الوف میاں حسین تمام من الٰہی اعطِ لَنَا محبتک دائماً وقائماً لنا ولاخواننا ولاولادنا ولجمیع الطالبین والمریدین حتیٰ یکون مقبول عندک۔"

اس طرح اس کا سنہ کتابت ۱۱۵۸ھ ہے۔

پانچواں نسخہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو علی گڈھ کی فہرست میں ع ۳۹ پر موجود ہے لیکن سنہ تصنیف میں قبل سنہ ۹۹ھ بتلایا ہے اس طرح اس کے سن کتابت کا بھی علم نہیں۔ آخری نسخہ ملکی مولوی سید محمد صاحب مورخ بیدری کا ہے۔ خود ان کا بیان ہے کہ یہ بہت بعد لکھا گیا ہے اس طرح خانقاہ عنایت اللہی کا نسخہ ہی قدیم ہے اس لیے

Hanif Raza

میں نے اسی کو پیش نظر رکھ کر کتب خانہ ادارہ ادبیات اُردو کے نسخے سے مقابلہ کیا اور اختلاف نسخ کو ف سے ظاہر کیا ہے کتب خانہ آصفیہ سے مقابلہ کرنے کے بعد اس کے اختلاف کو ص سے اور کتب خانہ جامعہ عثمانیہ کے نسخے کے اختلاف کو ع سے ظاہر کیا ہے۔ میں نے اختلاف نسخ میں خفیف سے فرق کو ظاہر کرنا مناسب نہ سمجھا مثلاً نسخہ ۱ میں "وہ" کے لیے صرف و استعمال ہوا ہے یا بعض جگہ "وو" استعمال ہوا ہے اور آصفیہ یا عثمانیہ میں اس کے لیے "او" یا کہیں "وہ" استعمال ہوا ہے تو اس کو نظر انداز کر دیا ہے۔ یا کسی نسخہ میں "تھے" ہے اور کسی میں "تے"۔ اس کو بھی قابل نظر انداز سمجھا البتہ جہاں اہم تبدیلی ہے جیسے لفظ بدل گیا ہے اور معنی متاثر ہوتے ہیں یا الفاظ مقدم و موخر ہو گئے ہیں انھیں ظاہر کر دیا ہے۔
بظاہر دوسرے عام مخطوطات کے مقابلے میں مجھے ان مخطوطوں میں بہت کم تبدیلیاں نظر آئیں اور یہ سب نسخے نہایت صاف خط میں ہیں گنجلک یا شکستہ یا پڑھنے کے ناقابل نہیں ہیں ادارہ کا مخزونہ نسخہ قدیم ہونے کے باوجود واضح طور پر پڑھا جاتا ہے۔

اس رسالہ کے علاوہ حضرت برہان الدین جانم کی اور بھی متعدد تصانیف ہیں جن میں ایک سکھ سہیلا کو جناب ڈاکٹر حفیظ سید صاحب نے شائع کیا ہے۔ ان دوسرے رسائل پر میں علیحدہ تفصیلی کام کر رہا ہوں۔

حضرت خواجہ بندہ نواز اور ان کے بعد کی بھی کوئی تصنیف مصنف کے شک و شبہ سے خالی نہیں ہے۔ کلمۃ الحقائق ہی ایک ایسا رسالہ ہے کہ اس کے مصنف کے بارے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ ہمیں ایسے کئی رسائل ملتے ہیں جن میں کلمۃ الحقائق اور اس کے مصنف حضرت برہان الدین جانم کے حوالے موجود ہیں۔ چنانچہ کتب خانہ روضتین گلبرگہ شریف میں ایک رسالہ موسومہ "شکار نامہ" ہے جو غلط طور پر خواجہ بندہ نواز سے منسوب ہے۔ اس میں ایک جگہ مصنف رسالہ نے اپنے بیان کی تائید میں لکھا ہے۔

Hanif Razvi

"ارشاد نامہ کی ترتیب سوں شکار نامہ نو باپ اور سات ما کے ہم چار فرزند تھے تعبیر اس نو باپ کی یہ ہے یعنی اول باپ نورِ ذاتی، دوم باپ نورِ محمدی، سوم باپ بیر، چہارم باپ روح، پنجم باپ ضمیر، ششم باپ فواد، ہفتم باپ قلب، ہشتم باپ مصغہ نہم باپ تن۔ یہ باپ ہیں اور سات ما یو ہیں یعنے اول نور، دوم صفا، سیوم ما ہوا، چہارم ما باد، پنجم ما نار، ششم ما پانی، ہفتم ما ماٹی۔ اسے سات ما کہتے ہیں۔ اگر کوئی غلط کہیں تو دیکھو حضرت شاہ برہان صاحب اپنے کلمۃ الحقایق میں کیوں فرمائے۔"

اس کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ قدیم دکنی میں جتنے رسائل ملتے ہیں ہر رسالے کے مختلف نسخوں میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے لیکن کلمۃ الحقایق ہی وہ واحد رسالہ ہے کہ اس کے مختلف نسخوں میں کوئی اہم اختلاف جس سے اس کی صوری اور معنوی حیثیت بدل جاتی ہو نظر نہیں آتا۔ حضرت خواجہ بندہ نواز سے حضرت امین الدین اعلیٰ یعنے ۸۰۴ھ / ۱۳۹۸ء سے لے کر ۱۰۸۶ھ / ۱۶۷۵ء تک جتنے دکنی رسائل نثر میں لکھے گئے ان میں یہ سب سے زیادہ ضخیم ہے۔ اور ان صوفیائے کرام نے تصوف کے جن مسائل کی اپنے رسائل میں تشریح کی ہے ان مسائل کی سب سے زیادہ بہتر وضاحت اور تفصیل کلمۃ الحقایق میں ملتی ہے۔

لسانی خصوصیات :۔ حضرت میراں جی شمس العشاق اور حضرت شاہ برہان الدین جانم نے اپنی زبان کو اپنے مختلف رسائل میں گجری سے تعبیر کیا ہے۔ اس لیے کہ مغربی ہند کے علاقہ کی زبان پر گجراتی کا اثر زیادہ رہا نہ صرف گجراتی بلکہ مرہٹی زبان سے بھی دکنی زبان جس کو ابتدائی دور میں ہندی کہا جاتا رہا متاثر رہی ہے۔

کلمۃ الحقایق میں حضرت جانم لکھتے ہیں کہ "یو زبان گجری، نام این کتاب کلمۃ الحقایق۔" اسی طرح ارشاد نامے اور ایک دوسرے رسالے حجت البقا میں بھی اپنی زبان کو گجری بھاکا کہتے ہیں اور علماء سے معذرت آمیز انداز میں فرماتے ہیں کہ زبان سے

قطع نظر کر کے معانی اور مطالب کی تلاش کی جائے۔

گجراتی اور مرہٹی کے جو اثرات دکنی پر مترتب ہو رہے تھے ان کا اظہار کلمتہ الحقایق میں ہر جگہ نظر آتا ہے۔ چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ "اپن" ہم کے معنوں میں گجراتی کا لفظ ہے لیکن دکن میں عام بول چال میں اب تک بھی مستعمل ہے۔

۲۔ اچھنا اور اس کے مشتقات اچھتا اور اچھینگا میں چھ گجراتی سے آیا ہے لیکن اس کا صرف ایک مشتق اچھینگا آج بھی مہاراشٹر کے علاقہ میں اردو بولنے والا طبقہ عام طور پر استعمال کرتا ہے۔

۳۔ ہمیں اور ہمنا گجراتی ہم نے فاعل اور مفعول دونوں حالتوں میں استعمال ہوا ہے۔ آج بھی دکن کی بول چال میں رائج ہے۔

۴۔ حرف تخصیص کے لیے حرف چ استعمال ہوتا رہا ہے اور اب تک بھی عوام کی بولی میں موجود ہے۔ یہ گجراتی اور مرہٹی ہی کا اثر ہے۔

۵۔ "سی" دکنی میں مستقبل کی علامت ہے لیکن حضرت شاہ برہان نے اس کی مختلف شکلیں بھی استعمال کی ہیں۔ مثلاً نا دیکھ سوں، نا کرسیں وغیرہ۔ یہ لاحقہ ہندوستان کی دیگر زبانوں میں بھی استعمال ہوا ہے مثلاً سورسینی، بھوج پوری وغیرہ میں۔ اصل میں یہ اپ بھرنش سے آیا ہے۔

۶۔ ایلاڑ اور پیلاڑ بھی گجراتی ہیں لیکن مرہٹی بولنے والا اردو داں طبقہ بھی اس کو بکثرت استعمال کرتا ہے۔ شہر میں ادھر اور ادھر الفاظ استعمال ہوتے ہیں اور دیہات میں ایلاڑ اور پیلاڑ۔ یہاں ورے اور پرے کا استعمال تعلیم یافتہ طبقہ میں آج بھی نہیں۔ قریب قریب یہ تمام الفاظ آج بھی ہمیں سنائی دیں گے بشرطیکہ ہمیں دیہات میں جانے کا موقع ملے۔ یہ الفاظ نہ صرف زندہ ہیں بلکہ شہریوں کے ناک بھوں

چڑھانے کے باوجود بھی ان کے مٹنے کے کوئی آثار نظر نہیں آتے۔ کلمۃ الحقایق میں قواعد کے لحاظ سے بھی ہمیں کئی خصوصیات نظر آئیں گی۔ مثلاً

۱۔ ماضی مطلق بنانے کے لیے علامت مصدر نا گرا کر یا بڑھاتے ہیں یہ طریقہ بلا استثنیٰ استعمال ہوا ہے یعنے اٹھنا، دیکھنا، گزرنا، کرنا کے ماضی مطلق اٹھیا دیکھیا، گزریا، کریا اور کیا (دوی کے ساتھ) بھی استعمال ہوا ہے۔

۲۔ ہونا کا مستقبل ہوئے گا اور دوسرے مصادر کے مستقبل کے صیغے آوے گا، جاوے گا استعمال ہوئے ہیں۔

۳۔ افعال میں جہاں ہائے مخلوط استعمال ہوتی ہے ماضی مطلق بناتے وقت اس کو حذف کر دیا ہے مثلاً باندھنا سے باندیا، بوجھنا سے بوجیا وغیرہ۔

۴۔ اگر مضاف الیہ جمع ہو تو ضمیر اضافی اور حرف اضافت بھی جمع استعمال کرتے ہیں مثلاً سیر کیاں آنکھیاں (سر کی آنکھیں)۔

۵۔ الفاظ کی جمع واحد کے آگے ان زیادہ کر کے بناتے ہیں اور آخری حرف ہ ہو تو ی سے بدلتے ہیں۔ مثلاً کاماں، باتاں، لوگاں اور بندہ سے بندیاں۔

۶۔ تذکیر و تانیث کا بطور خاص لحاظ نہیں۔ کبھی مونث کو مذکر اور کبھی مذکر کو مونث استعمال کرتے ہیں۔

۷۔ حرف اضافت کو اکثر حذف بھی کرتے ہیں مثلاً بو عقل دلالی جان۔

۸۔ "کی" دو معنوں میں استعمال ہوا ہے ایک تو کیوں اور دوسرے کہ (بیانیہ)

۹۔ کر خاص معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ مثلاً میں تو کون ہوں کر جانتا۔ یعنی یہ جانتا ہے کہ میں کون ہوں۔ اس قسم کا استعمال بیجاپور کے ادیبوں اور شعرا میں عام ہے اور گولکنڈہ کے ادیبوں اور شاعروں نے اس کی بجائے

Hanif Razvi

"بول کے" کا لفظ استعمال کیا ہے۔

۱۰۔ وہ اکثر حروف ربط حذف کر دیتے ہیں۔ مثلاً آرسی قدرت سوں بارکیا یا تو اپس دیکھ۔ دونوں میں علامت مفعول "کو" محذوف ہے۔

رسم خط میں بھی کافی تبدیلیاں نظر آئیں گی۔

۱۔ کی اور کے میں تحریر میں کوئی فرق نہیں یہ اس زمانے کا عام رواج تھا۔

۲۔ ضمیر اشارہ میں وہ کی بجائے صرف د یا دد واو (دو) یا او، استعمال کئے گئے ہیں اور اسی طرح یہ کی بجائے ای استعمال ہوا ہے۔

۳۔ چ پر ختم ہونے والے الفاظ کو کبھی ہائے مختفی کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

۴۔ آخر میں آنے والی ملواں ھ (ہائے مخلوط) کو خارج کر دیا گیا ہے جیسے ہاتھ کو ہات، آنکھ کو آنک، کچھ کو کچ وغیرہ۔

۵۔ اور کا رسم خط ہور ہے یہ اس زمانے کا بہت عام رواج تھا۔

۶۔ ضمیر موصول جو کو جے لکھتے ہیں جیسے جے کچ۔

وہ اردو لکھتے لکھتے فارسی میں تحریر کرنے لگتے ہیں اور پھر فارسی سے اردو پر آجاتے ہیں۔ وہ عربی اور فارسی کے علاوہ ہندی کی فلسفیانہ اصطلاحیں بھی استعمال کرتے ہیں اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ ہندی فلسفہ پر بھی گہری نظر رکھتے تھے اور اس فلسفہ کی بعض باتیں بھی ان کے مسائل میں مدغم نظر آتی ہیں۔ اصطلاحوں کی مثالیں حسب ذیل ہیں۔

آکار، نرانکار، بکار، شن، بھوتا کار، ایندرین، وغیرہ۔

عبارت بعض مقامات پر بے ساختہ مقفیٰ ہو گئی ہے لیکن قافیوں کی وجہ سے گنجلک نہیں ہونے پاتی۔ اس کا ایک سبب تو یہ ہے کہ تمام باتیں سوال و جواب کی شکل میں بیان کی گئی ہیں دو چار لفظوں میں اگر سوال پوچھا گیا ہے تو

کم سے کم الفاظ میں اس کی توضیح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ زبان، قدامت کی وجہ سے ممکن ہے کہ سمجھنے میں کہیں دشواری ہو لیکن چھوٹے چھوٹے جملے قند و نبات کی ڈلیاں معلوم ہوتے ہیں۔

کلمتہ الحقایق کا موضوع :-

حضرت جامیؒ کتاب کی تصنیف کا سبب یہ بیان کرتے ہیں کہ اکثر مرید آپ سے خدا کے بارے میں مختلف سوالات کرتے ہیں کہ وہ قدیم القدیم کیوں ذات و صفات، ابتدا و انتہا، باقی و فانی، قدیم و جدید اور بے ہمہ و باہمہ سے کیا مُراد ہے۔ ان سوالات کے اس میں وضاحت سے جواب دیئے گئے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ خدا اول سے ہے آخر تک رہے گا وہ صورت شکل وغیرہ ہر چیز سے منزہ ہے جب اس نے اس کائنات کو وجود میں لانے کا ارادہ کیا تو اپنی قدرت سے اس کو لفظ کن سے وجود میں لالیا۔ خدا کی ذات میں قدرت بھی ہے اور ارادہ بھی وہ جیسا چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس نے چاہا کہ اپنے نور کا آپ مشاہدہ کرے اس لیے اس نے محمدؐ کے نور کو پیدا کیا اور اسی نور سے ساری کائنات کی تخلیق کی۔ بالکل ایسے ہی جیسے ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن ہوتا ہے۔ اسی سے اس نے آگ، پانی، ہوا اور مٹی چار عناصر کی تخلیق کی، یہ سب آپس میں بلحاظ صفات لازم و ملزوم ہیں۔ ان سب کی تخلیق چونکہ ایک ہی مادہ سے ہوئی ہے تو یہ فنا کے بعد بھی ایک ہو جائیں گے۔ بالفاظ دیگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ خدا اس کی قدرت اور اس کے ارادہ ان تین سے اس عالم کا ظہور ہوا۔ اب یہ انسان کا فریضہ ہے کہ وہ خدا کو اپنے آپ میں پہچاننے کی کوشش کرے۔ انسان کی تخلیق بظاہر نہایت حقیر ہے۔ آدمؑ کو مٹی سے عیسیٰؑ کو بغیر نطفے کے اور انسان کو نطفہ سے پیدا کیا، اور جن و حور اور ملک کو

Hanif Razvi

نور سے۔ یہ اسی کی قدرت کے کرشمے ہیں لیکن یہ روح جو ہمارے جسم میں موجود ہے ہمیں محض اپنی غفلت کی بناء پر دکھائی نہیں دیتی۔ اس کو سمجھنے کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ وجود کی چار قسمیں ہیں

۱۔ واجب الوجود۔ مٹی کا۔ ۲۔ ممکن الوجود۔ وقت میثاق کا۔ ۳۔ ممتنع الوجود جس کا اظہار نہیں کیا جاسکتا اور چوتھا عارف الوجود۔ جو سب کو جانتا ہے۔

ممکن الوجود حواس ظاہر و باطن سے محسوس کرتا ہے اور اپنے عمل و فعل کی بناء پر اچھا اور بُرا ہوتا ہے۔ تن صرف انسان ہی نہیں بلکہ حور و ملائک بھی رکھتے ہیں اور اجنہ و شیاطین بھی جسم رکھتے ہیں اور اس جسم میں نفس کی موجودگی انسان کو تکالیف میں مبتلا کر دیتی ہے۔ انسان کو نفس پر قابو پانا چاہیے اس کی صورت یہ ہے کہ آپ اپنے کو اپنی اصل یعنی خدا سے جدا نہ سمجھے۔ انسان کی اصل نور ہے جس کو عقل دلالت اپنا ایک مستقل انفرادی انا سمجھتی ہے حالانکہ یہ نور قدیم ہے اور اس کا ادراک عقل مقیم ہی کر سکتی ہے اور یہ ادراک ہی معرفت ہے۔ جب عارف اس نور کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس کا انا ایسا محو ہو جاتا ہے کہ اس کو یہ پتہ بھی نہیں رہتا کہ وہ مشاہدہ بھی کر رہا ہے اور اگر اس فنائیت میں اپنے مشاہدہ کا بھی احساس کرے تو یہ ظلمت و غفلت ہے۔ ایسا مشاہدہ عارف کے بس کی بات نہیں۔ خدا جس کو چاہتا ہے ایسی فنائیت عطا کرتا ہے ابتدائی سلوک میں عارف کو یہ شوق رہتا ہے کہ وہ خدا کو دیکھے لیکن وہ اس لیے نہیں دیکھ سکتا کہ اس کی ذات منزہ و بے چون ہے عارف کو چاہیے کہ وہ خدا کا مشاہدہ اپنے اندر کرے جیسے آئینے میں صورت دیکھی جاتی ہے۔ مشاہدہ کی یہی ایک صورت ہے۔ خدا اپنی قدرت میں محیط ہے بالکل اسی طرح

جیسے ہم اپنے ادراک انا میں محیط ہیں اور خدا ہماری روح کو محیط ہے۔ اسی طرح جیسے کہ ہم اپنے تشخص میں محیط ہیں اسی لیے جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے خدا کو پہچانا۔ خدا نے امر کن سے اس کائنات کو پیدا کیا یہ امر قدیم ہے جو فیکون ہو گیا وہ امر نہیں اس لیے قدیم نہیں۔

نفس کی چار قسمیں ہیں۔ نفس امارہ مخلوق سے رنگ برنگ کے کام لیتا ہے۔ نفس لوامہ برائی لعنت ملامت کرتا اور ریا کی طرف لے جاتا ہے، نفسِ مطمئنہ صبر کی تلقین کرتا ہے اور نفس ملہمہ شکر گزار بناتا ہے۔ روح انسانی جو پرتوِ ذات ہے اس کے خارج میں چار وجود ہیں۔ پہلے روح ذات کا عکس بن کر پیدا ہوئی اور یہ روح آدم ہے اس کو حکم ہوا کہ وجود میں داخل ہو۔ جیسے ہی یہ وجود میں داخل ہوئی اس نے اس خاکی آئینہ میں خدا کا پرتو دیکھا اور سجدہ کیا۔ ذاتِ حق جوں کی توں منزہ رہی۔

خیر اور شر دونوں اللہ کی طرف سے ہیں اور جو کچھ ہونے والا ہے وہ مقدر کیا جا چکا ہے لیکن اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ بندہ جو کچھ نیکی اور بدی کرتا ہے وہ اس کا ذمہ دار نہیں ہے اس لیے کہ انسان کو اس کا علم نہیں دیا گیا کہ اس کی تقدیر میں کیا ہے اس کو بھلے بُرے کی تمیز عطا کی گئی ہے کہ وہ بُرائی سے احتراز کرے اور بھلائی اختیار کرے اگر وہ تمیز سے کام نہ لے اور غلطی کرے تو اس کے لیے سزا ہے۔ اس کے اعمال کی ذمہ داری اس کے اپنے نفس پر ہے، خدا علیم ہے وہ سب کچھ جانتا ہے کہ بندہ کیا کرنے والا ہے۔ یہ جاننا تقدیرِ الٰہی ہے۔

انسان بُرے کاموں میں طرح طرح کی تدبیریں کرتا ہے اور نیک کاموں میں تکلیف سے بچنے کے لیے تقدیر کا سہارا لیتا ہے جب تقدیر پر بھروسہ تھا تو برائی کرنے میں عقل اور اختیار سے کیوں کام لیا۔ خدا نے خیر کو پیدا کیا اور

شر کو بھی اور تجھے اختیار دیا چونکہ ان تینوں کو خلق کیا ہے اس لیے ہر ایک خدا کی طرف سے ہے اور اس اختیار سے کام لے کر جو کچھ کرتا ہے اس کی ذمہ داری اسی پر ہے

ایمان یہ ہے کہ بندہ زبان اور قلب سے خدا کی تصدیق کرے اللہ نے بندہ پر تین چیزیں فرض کی ہیں عرفان ۔ ایمان ۔ اسلام ۔ عرفان یہ ہے کہ خدا کی قدرت کاملہ اور اپنے نفس کو پہچانے ۔ ایمان یہ ہے کہ خدا کو قادر مطلق سمجھے اصل ایمان خوف و رجا کے درمیان ہے ۔ اسلام تعمیل امر ہے ۔ اصل عبادت اور سرِ عبادت فکر ہے اور فکر یہ ہے کہ انسان یہ سوچے کہ جو کچھ اس کے نفس میں نفاظاہر ہوا ہے وہ خدا کی طرف سے آیا ہے اور خدا کی ذات کی طرف راجع ہونے والا ہے اس فکر کے استغراق سے فنائیت پیدا ہوتی ہے یہی سرِ عبادت ہے، فکر کی دوسری قسم یہ ہے کہ اپنے ہر عضو کے فریضہ کو سمجھے اور درستی سے ادا کرے ۔ سالک جو واصل بحق ہوتا ہے وہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو جاتا ہے، ایک مقام شیطانی دوسرا مقام قرب ان دونوں کے درمیان چار راستے اور چار منزلیں ہیں ۔ ایک راہ شریعت و منزل ناسوت، دوم راہِ طریقت و منزل ملکوت سوم راہِ حقیقت و منزل جبروت چہارم راہ معرفت و منزل لاہوت ۔ حضرت برہان الدین جانم نے ان مقامات و منازل کو تفصیل سے بیان کیا ہے

اس کے بعد مصنف نے ذکر، مراقبہ اور مشاہدہ کی وضاحت کی ہے اور ذکر جلی اور خفی کی وضاحت کرتے ہوئے مختلف اسمائے الٰہی کے ذکر کا طریقہ اور اس کے فوائد بیان کئے ہیں ۔ اور اس سلسلے میں لطیفہ قلبی کی بھی صراحت کی ہے اور نیز شیخ کامل کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔

چار قندیل آغا پورہ حیدرآباد
۱۲؍ جولائی ۱۹۶۱ء

محمد اکبر الدین صدیقی
لکچرار سائنس کالج سیف آباد ۔ عثمانیہ یونیورسٹی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کرے سو ہوے کہ قادر توانا قوی کہ او قدیم القدیم اس
قدیم کا بھی کرنہار ہیچ ہیچ سو تیرا اٹھار۔ و ہیچ ہوا بھی تج تھے بار۔
جدھاں کچھ نہ تھا بھی تھا تہیں دوجا شریک کوئی نہیں۔ ایسا حال
سمجھنا خدا تھے خدا کوں۔ جس پر کرم خدا کا ہوے۔ سبب یو زبان
گجری (زبان) نام ایں کتاب کلمۃ الحقایق خلاصۂ بیان و تجلی عیاں روشن
شود انشاء اللہ تعالیٰ کہ خدائے تعالیٰ قدیم القدیم کیوں تھا، ذات و
صفات و کل مخلوقات ابتدا و انتہا، باقی و فانی، قدیم و جدید،
باہمہ و بے ہمہ، بدیں سبب سوال و جواب روشن کر دیکھلایا
ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کہ خدائے تعالیٰ عالم الغیب والشہادۃ خدائے
تعالیٰ کی نظر ادراک کرنہاری ہے جملہ مخلوقات پر، کہ وہاں وہماری

ف ابتداے ایں کتاب کلمۃ الحقایق گفتار حضرت شاہ برہان صاحب قدس سرہٗ العزیز تصنیف کردہ است و بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تبعین الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔ بداں کہ کلمۃ بیان تصوف عیاں الحقایق۔ بہ تمام روشن عاشقاں و عارفاں و واصلان حق بذاتہ نماید طبق عن طبق منزل بہ منزل لامکاں رسد۔ و ہذہ الکتاب قطب الاقطاب حضرت شاہ برہان العارفین قدس اللہ سرہ العزیز تصنیف کردہ اند۔
ف دیکھن ہار
حواشی قوی صا ع۱۵ کچھ نہیں بھی تھا تھیں۔ نمبر ۱ ای نمبر ۲ (ندارد) ع۵ ہوے ص۶ کی وہ۔ ع۴۲ گجر زبان۔ ع۴۳ دکھایا۔

نظر نہیں انپڑ نہاری ہے ذات قدیمی پر اگر کوئی اوس کے قدیمی بوجھے[1] تو شریک[2] کھڑا رہیا اس سبب فرمایا کہ قال اللہ تعالیٰ لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر۔ ایسا کسی کا مجال ہوے گا کہ پچھان ذات کا کرے گا۔ کہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ تفکروا فی صفات اللہ ولا تفکروا فی ذات اللہ[3]۔ ولیکن جیسے خدا لوڑے اُسے راہ دیوے اپس میں کہ یھدی من یشاء امید دیکھلایا و مدد کیا کہ قولہ تعالیٰ الذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا۔ تو جہد کشش[4] کرے خدا میں خدا تھے کہ قال علی کرم اللہ وجہہ[5] کہ عرفت ربی بربی ۔ سوال۔ کہ خدائے تعالیٰ اول تھے اول کیوں ہے[6] ۔ جواب۔ قدیم تھے قدیم اول تھے اول اپیں تھا۔ سوال۔ کہ کیوں تھا و کہاں تھا؟ جواب۔ بے چوں و بے چگونہ تھا و چون و چرا نہ باید گفتن ولیکن ہستی باقی لاشک ولا شبہ۔ سوال۔ او کہاں تھا کہیں تو تعلقات جاگا سوں اول دھرتا تھا بھی؟ جواب تیرے بھی وقت سوں تعلق دھرتا ہے تو اس ہر شے[7] کا آفریدگار دھج[8] جان اور اس جاگا کا سب کا آفریدگار

ص۱ پوچھے ص۲ شرک ص۳ یعنی فکر کنید در صفات خدائے تعالیٰ و فکر مکنید در ذات او۔ ص۴ کوشش۔ ص۵ کہے
ص۶ تھا ص۷ ندارد۔ ص۸ وہی۔

وہی پچھان ۔ اس[1] تھے اول واول کا بھی اول و آخر، قدیم وجدید،
سب اس تھے بے زبان ہوتا اس تھے بول میں آیا کہ اول تھے
اول ہے جملہ مخلوقات تھے لامکان ہے[1]۔ کہ چنانچہ خواجہ روم او
خواجہ شبلی پرسید " قال ما التوحید ؟ قال من اجاب عن
التوحید[2] فہو[2] مشرک ولم یعرف ذالک فہو کافر ۔ وسال عنہ
فہو جاھل " **سوال** ۔ پس سمج نہیں کیوں قرار دینا د تحقیق
کوں کیوں انپڑنا کہ کچھ نہیں پس کیوں ؟ ۔ **جواب** ۔ اے عارف
توں مخلوق ہے ۔ تیرا تعلق ورہنا یک جاگا سوں تعلق دھرتا ہے
کہ توں بندہ عاجز بے قدرت وخدائے تعالیٰ کوں یہ آرزومندی
نہیں کہ توں بے قدرت، وخدائے تعالیٰ باقدرت اپس سوں
اپے ہتا ۔

سوال :۔ قدرت کیا ؟

جواب :۔ خدا پناہ کہ من خداوندیم ، انی انا اللہ جس فرمایا آں ہنی[4]
برہمہ منی باشد ۔

ف[1] ہوالاول والآخر والظاہر والباطن وہو بکل شئ علیم ۔ بے زبان ہوتا اس تھے دل میں آیا کہ اول تھے اول ہے جملہ مخلوقات تھے لامکان ہے ۔ ف[2] فہو ملحد ومن عرفت توحید
حل اس تھے اول کا ہی اول ہی پچھان ۔ ف[2] فہو ملحد ومن عرف التوحید فہو مشرک ومن لم یعرف ذالک فہو کافر ۔ ومن سأل عنہ فہو جاھل ف[3] انپڑنا کہ کچھ نہیں ف[4] آں برہمہ شد

Hanif Razvi

سوال :- در قدرت و خدا فرق چہ باشد؟
جواب :- کہ قدرت تعلق با فعل دارد۔ کہ اپنے فعل پر نمودار شاید باشد واللہ تعالیٰ ازمنی خود و اپنے فعل تھے منزہ[ص] و در پنہاں گنج باشد حدیث قدسی کہ کنت کنزاً مخفیاً فاحببت، ان اعرف۔
سوال[ع]:- پس آں گنج را چگونہ باید شناخت؟
جواب :- کسے را کہ او خواہد۔
سوال :- پس جہد اپنا[ص] کیا نہیں؟
جواب :- جہد اپنا ہے کہ فاعل[ص][ع] مختار کیا ہے۔ قدر حال اس کا جان اپنا اس کوں دیا ہے ولیکن توفیق الی اللہ۔
سوال :- پس کیا کیں شناس ہوے ذات کا؟
جواب :- اس باب نبیؐ ہمارے فرمائے کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔
سوال :- تو میں کون؟
جواب :- توں نور محمدؐ کا صلی اللہ علیہ وسلم۔
سوال :- کہ کیوں کہو منجکوں؟

ص[1] منزہ اما در پنہاں گنج باشد کہ۔ ص[2] کیا اپنا نہیں؟ ص[3] تو نور کیوں کہو منجکوں۔
ع[1] یہ سوال اور اس کا جواب ندارد۔

جواب:۔ اول آفرینش نبیؐ نور دیکھ کہ چگونہ آشکارا کرد بعدہٗ تمام عالم واشیا اس نور تھے بار کیا۔ یوں منقول جنایا[ن۱] قول[ن۲] علیہ السلام[ا ع]۔ انا من نور اللہ وکل شیءٍ من نوری۔

سوال:۔ جد[صا۱] کچھ نہیں کیا تھا؟ آپیں آپ تھا۔ پس نور نبیؐ کیا کیوں ظہور؟

جواب:۔ سن کی اللہ تعالیٰ مخفی گنج تھا درام امنیت درخودی خود نہ پنہاں نہ اظہار[صا۲]، نہ اکار نہ ترنکار[صا۳]، نہ جلال نہ جمال، نہ شوق نہ ذوق، نہ یاد نہ فراموش، نہ رنج نہ گنج، ولیکن چہ گوید کہ امن امنیت المقصود، مقصود پس در خودی[صا۳] خود ارادت کرد مثل ہمچوں تخم در زمین غبار گرفت بعدہٗ انگور جنایا تخم تھے دکھایا کوم، وآں غبار کہ در قدرت پنہاں بود[صا۴]، چوں[صا۵] از تخم بیروں آمد وآں قدرت کہ پنہاں بود اظہار شد کہ رسم اللہ در آگاہ خود۔ آگاہ جے ذات کا آگاہ بیا، سو قدرت جدید و در غبار اول ذات قدیم۔ برائے آں عارفاں می گویند کہ قدیم وجدید اوست۔ پس پوجھ بعدہٗ بوجھ[صا۶] ونذ[ا ع] انکہ[۳ع] اسم اللہ کہ من اللہ درخود اظہار کرد بعدہٗ برقدرت منی آں گنج کہ پنہاں بود شاہد شد بر خودیٔ خود بعد ازاں میانِ ہر دو عشق افروخت ؎

[ن۱] جنیا [ن۲] قول [۳ع] زاکار۔

صا۱ جے کچھ صا۲ نہ انکار صا۳ خودی خود خدا از ارادت کرد صا۴ پنہاں بود اظہار شد صا۵ وچوں.... پنہاں بود کی عبارت موخر ہوئی ہے اور در آگاہ خود کے بعد لکھی گئی ہے۔ صا۶ بوج کہ بعدہٗ بوج۔

ا ع حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ ۳ع وآنکہ

جوں کی لکڑی بھیتر آگ — بھڑکا، نیکلیا، جیوں کی جاگ
با زد عشق تھے کرنے سار — کیتا نور نبیؐ کا بار

جان اے عارف! خدا میں و اس کی قدرت میں کچھ فرق نہیں بلکہ او سو قدرت، قدرت سو او، چنانچہ یکے است جیوں کی کافور ہور خوشبوی در گل یا شیرینی جیوں کی شکر یا بوئی در دوئی نہ کہتیں کھری یک۔ نہ کہے جائیں دو۔ کیا تابش جوہر کی جوہر تھے جدا ایسا معمہ خلاصہ، جز مرشد نہیں۔ ایسا ذات دوپنے بغیر یکسو۔ محمدؐ نور اُمّی کا دیکھ کہ ان لوڑیا کہ اپسیں اپیں دیکھوں کہ عشق کا غلبہ تو کرنے ہوا سار تو قدرت سوں نظر کیا اگوچر کی آرسی کیا۔ سن تزنکار کی۔ اس ہوا تھے وہ ہوا آدھی، جہاں نور محمدؐ کیا شاد ہے۔ پس آں ہوائے صفا را آئینہ ساخت و مشاہدہ خود بخود دید۔ چوں ذات اللہ شاہد است و ہم ثانی شاہد نور محمدؐ در آئینہ صفا کی امر ارادت بھا کی، کن فیکون دجان اے عارف! نہ کاف و نہ نون کو نن جاگا اس میں۔ اس پنے

ت ۱ع۔ بعد ز ۲ع ت (اضافہ)۔ قدرت اس کا پرتو ت ۳ع در گل (موجود نہیں) ت اگر جیکے ث ۴ع کی ت وشاہد
ص ۱ شیرنی ص ۲ گل ص ۳ کھری در یک نہ کھیا جائے ص ۴ جوہر کی جوت ص ۵ اس ص ۶ نرانکار ص ۷ کی ص ۸ شاہدی
ص ۹ کون جاگا نور اظہار در نور صفا و ہوا۔
۴ع جیوں کی ندارد ۵ع در دوتا۔ ۶ع کہا جائے۔ ۷ع محمدؐ کا نور۔

میں اظہار نور در صفا ہوا ولیکن در کلمۂ کن فیکون معذور ہے۔
پس و پرتو ذات کا سو نور محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم قدرت سوں
چینت[1] کر شاہد کیا محمدؐ[2] کے نور کوں۔ پس[3] از شاہد نور ہمہ نور را آفرید۔
کہ انس و جن و ملک و ہمہ اشیا پس آں نور در صفا شاہد بود و
ازاں شاہد، شاہد ہمہ عالم شد و آں[4] ہمچوں چراغ از چراغ
افروخت و آں[1] نور را روح القدس گویند۔ برائے آں محمدؐ نور را
ابو الارواح گویند۔ پس ثابت شد کہ اَنَا مِنَ النورِ اللّٰہ وَ کُلُّ
شَیٔ مِن نُوری سبحانہٗ وتعالیٰ۔ اس نور کے عشق تھے لطافت
کیا پس لوڑیا کی ظہور کروں[2] باد زا س صفا تھے ہوا کیا، و ہوا
تھے باد کیا، و باد تھے آگ کیا، و آگ تھے پانی کیا، و پانی تھے
خاک کیا تمکہ جز ہوا باد کوں جاگا نہیں و جز باد[3] آگ کوں
پرورش نہیں و جز گرمی پانی کوں جوش اظہاری نہیں و جز
پانی زمین کوں وجود نہیں۔
سوال :۔ کہ تحقیق کیوں ؟

۱؎ حاشیہ پر یعنی باب روحاں کا۔ ۲؎ بعد ز ۳؎ اضافہ وقال علیہ السلام خلق الانسان من طین و خلق الطین من مائی و خلق الماء من نار و خلق النار من ریح و خلق الریح من بین الکاف والنون۔
ص۱؎ اچنت کر۔ ۲؎ نور محمدؐ کوں ص۳؎ پس از شاد بود و از شاہد نور در ہمہ نور را آفرید ۴؎ کرافل۔
۴؎ و آں (ندارد)

Hanif Raza

جواب: کہ قدرت میں کل موجودات اما حکیمے حکمت دیکھلایا سمجا لوڑے کہ خاک تھے سنگ و شجر بار و لیکن ہمہ خاک است۔ جان، اے عارف! ایکس میں یک چیز ہیں سب فنا بھی یکس میں یک ہونہارے ہیں زمیں پگلے تو پانی میں مل جائے۔ پانی کا ہیزم آگ میں، آگ کا ہیزم باؤ میں، باؤ کا ہیزم ہوا میں، ہوا کا ہیزم صفا میں، صفا کا ہیزم قدرت میں قدرت کا ہیزم ذات قدیمی میں۔ جان، اے عارف! جے چیز جہاں تھے آیا وہاں جہ فدا ہونہارا ہے دِسنے میں دو۔ آپس تھے فدا ہونے میں یک جیوں جل ہولے کوں کیا جدائی وجود دوسرا ولے پانی تو یک بیت، تو ایسی قدرت بار: یو کے عناصر چار۔ پس وہ نور محمدؐ و آں گوہر لطیف در صدف خاک نہادہ، با ترکیب چہار عناصر آمیختہ کرد۔ اللہ تعالیٰ آپس تھے، وقدرت تھے ان دو کا لبستار عالم آشکارا کہ یکس تھے یک کہیں پن دو تو کچ نہیں۔ قدرت و خدا، یک میں دو تشبیہ جیوں یک قلم جز چیزے میں کیوں بھی ایسا رمز، خدا و قدرت و خدا کے ملن میں عالم ہوا کہ جز دو تسرا نہیں۔

ل[1] حزم (املا) [2] قدیم

ص[1] موجود انتھا ص[2] حکیمیں دیکھلایا ص[3] ہو ص[4] جدائی ولے وجود۔ ص[5] ولی (ندارد) ص[6] ترکیب ہر چہار ص[7] یکس سوں مل یک کہے ص[8] یک قلم جز چیزیں مشکوں جاگا نہیں۔

ا[1] حکمی دکھلایا [2] جہاں تے۔

الثالث بالخیر۔

عجب قادر قیوم کہ در شکم قدرت عالم را بیرون آورد، ہمچو فرزند از شکم مادر زاید تو عالم فرزند خدا کا۔

سوال:۔ تو کلام ربانی خبر می دہد کہ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ۔

جواب:۔ اے عارف! جیوں پکار مخلوق کا یو تشبیہ نہیں ملتا وہاں یہ عالم کیوں ہوا (۱) کام (۱) کام نہیں تشبیہ جیوں کی سر پا کنند[۱] آفتاب تھے پڑے آگ۔ یوں قدرت تھے عالم اٹھے جاگ۔ پس اینجا صحیح نماید۔ نہ کسے زادش اورا نہ کسے از وے زاد۔ ذات اللہ تعالیٰ منزہ ہے۔ تمام آفرینش دوستی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تھا[۱۲] خبر لولاک لما خلقت الافلاک۔ پس اے عارف! توں نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس خاک میں ظہور دیکھلایا تا کلام ربانی کہ اللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ۔ تا آں گوہر قدیم در خاک نمود۔ جز پچھان شناس نہیں و پچھان[۴۲] کے تا اندھلا کہیں کہ اللہ تعالیٰ بندہ پہ دو چیز فرض کیا۔ اپس پچھانا اور خدا کوں۔ حدیث نبی علیہ السلام۔ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔

---

[۱] اضافہ کاارمیا
صا نگار ص ۲۱ تا
[۴۲] پچھان نہیں تو اندھلی کہیں۔

سوال:۔ اپنا پچھان کیوں؟

جواب:۔ کہ توں نور قدیم ازل ازلی، اپنے وجود میں تفکر کہ میں کون؟

سوال:۔ میں خاک کہ خلق الانسان من طین۔

جواب:۔ کلامِ ربانی حق ہے۔ اما فکر کیا لوڑے کہ میں وقتِ میثاق تھے ہوں کہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم خلق الارواح من قبل الاَجسَاد۔ و پس جان کہ توں گوہر کہنہ قدیم است۔ ترا ظہور راز خاک است۔ اس سبب کلام ربانی مِن طین واگر نطفہ بدانی کہ خلق الانسان من نطفتہ۔ پس فہم کن کہ آدم علیہ السلام را بیا فرید۔ آں وقت نطفہ کجا بود تا ایں کلام ربانی سرشت حکمتاں را۔ انسان کو یو دیکھلایا ولیکن اوس کی قدرت میں کچھ مشکل نہیں کہ اس کے من سنگھار۔ و من میں اُتپت پس قدرت میں اشکلاۃ کچھ نہیں سب باپ سکتا قادر ہے۔ و عیسیٰ از شکم مریم آنجا نطفہ کئے۔ و ملائکاں و حوراں جیو پنے میں شک نہیں کہ نور قدیم اس نور تھے

ٹ اپیں پچھانے۔ ٹ اے عابد۔ ٹ قدسی۔ ٹ حکمت کار۔ ٹ من میں اسنکار۔ ٹ کجا۔

ص خلق الانسان من طین وخلق الطین من ماء وخلق الماء من النار وخلق النار من ریح وخلق الریح من بین الکاف والنون۔ ص دیکھ ص سرشت حکمت کا انسان ص از شکم (ندارد) نسخہ کجا

ہے (ندارد)

جن و انس و ملک تو نور پر بُرقا قدرت کا وجود کیا تو نور ہوائے صفا تھے نمودار ہوا وقت میثاق کوں، پس فکر کن کہ روح قدیم اول آدم کا خاکی برقا مرتب کیا۔ بعدہٗ روح پر امر ہوا، کہ وجود میں دخل کر پس روح آدم خوف کرد در ظلمات، پس فرمان شد کہ اُدخل کر اھیتہٗ و اُخرُج کر اھیتہٗ پس جوں دخل کیا۔ امر شد ملائکہ را کہ اُسجُدُوا لِآدَمَ نہ کہ امر بر خاک۔ امر بر روح لطیف گو ہر قدیم۔

سوال:۔ تو ابیں کون؟ اگر دم کہوں تو باؤ ہے یو حرکت سب باؤ کا تن میں کہ شناس جز دم جیو کون ہے؟ اور سو کہنا؟

جواب:۔ دم ٹکڑا باؤ کا خدائے تعالیٰ حکمت دستر گی بدل حرکت ساندھیاں کا چلنا۔ اس سبب دم یو سرشت چہار عناصر میں ہے تو فہم کر کہ دم پر تو کوئی ہے جان کہ یو دم تیرے فرمان میں ہے۔ وقتے یک جاگا کا دم مرتا تو وہاں کا حرکت منہ ہوتا۔ پس تون جا نہارا تو ہے قدیم۔

ٹ مرکب۔ ٹ بروح (اضافہ) ٹ حکمت (اضافہ)

ص۱ پس فکر کردیکھو۔ ص۲ آدم پر خاک کا برقا ص۳ روح کوں ص۴ دیگر و ادخل کا الحیت و اخرج کا المیت۔ ص۵ بعدہ بر خاک یعنی آدم را کہ امر بروح لطیف تو ہر قدیم۔ ص۶ حکمت بدل ستر ساندھیا کہ ہلنا چلنا۔ ص۷ یو دم ص۸ دیکھ ص۹ فرمانبردار ہے ص۱۰ کم۔ اع کر ۳ع در روح لطیف۔ ۳ع جز دم کون ہے اور سو کہنا ۴ع تون ۴۵ پس تا قدیم (ندارد)

سوال :- تو فہم نہیں ہوتا کہ اس دم تھے اور تن سے خارج نہیں دستا ہوں ؟

جواب :- اس منزل میں توں دیکھ۔ اگر دست کسے ببرند و ببیں کہ در دست دم کجا رفت ہموں طریق اگر دست و پائے و ہمہ اعضاء ببرند و دم ہم بر باد رفت ولیکن تو ہم دیدبان بوجھن ہارا قدیم ہے۔ یہی طریق بہ فرمان رب العزت روح تن سے کنارے ہوتا[1] تن تمام خاک در خاک شد۔ ولیکن روح نہ میرد کہ روح قدیم است۔ فرمان شد کہ اَلَسْتُ بِرَبِّکُم و روح جواب داد کہ قَالُوا بَلٰی۔

سوال :- تو کچ فہم[1] نہیں دیتا کہ تن میں حرکت کرنے[2] ہارا روح ہے ولیکن کیوں بیان یاں کیا۔ غفلت میں نظر[3] پھوٹتا نہیں درجیں۔

جواب :- اے عارف! تیری نظر میں غفلت آتا سو تیرا تسرا تن[4] غفلت کا بھی یو دوزخ ظلمات ہے۔ ہور یو فہم داری ہے چھپیا[5] سو عارف الوجود یو عرفاں تیرے روح کے مرکب کی[6] ان کوں ہے۔ ایسے تین تن غیب کے، سو تیرے خاکی اس تن میں ہیں[1] وہ توں گوہر

---

[1] اع میں نہیں دستا۔

ص[1] ہوا ص[2] روح حرکت کرنہارا ص[3] پھوٹیا ص[4] تسراتن وہاں ص[5] ہوتھا ص[6] ان کی۔ اع ہے۔

نور خدائے تعالیٰ ترا در تن ہر چہار صدف اندر نہادہ است۔ تا تو فہم کن کہ من کدام؟ ایتال یو فہم کر، اے عارف! اس کلمتہ الحقایق میں آسان کر دیکھلایا ہوں۔ برکت مرشد کہ وجود چہار، یکے واجب الوجود یہ دستا مائی کا۔ ممکن الوجود، دسنا وقت بیثاق کا۔ و ممتنع الوجود نہیں آتا دکھلانے میں آشکار رے۔ اشارات کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ۔ و عارف الوجود۔ ہر شئے را استماس کنندہ با صحبت مرکب روح است و دریں ہر سر محیط است۔ اما تمام یو معما جز انجن مرشد گمان دور ہوتا ہے۔ ایتال کہ علم الیقین بے نہایت و جز عین الیقین تحقیق شود۔ تا اے طالب تسلیم باش و فہم نیک کن۔ ایتال تیرا تجھے دیکھلانا لگے گا اگر نورے خدائے تعالیٰ تو توں ارے فکر کر دیکھ۔ یہ نکات قرار رکھ کہ جیتا رمز ہوتا و اشارت و فعل و حرکات و سکنات، تیرے وجود میں جیتے فعل پر اس کا محاسبہ لین ہارا کوئی ہے تو عارف اپسیں عقل کبیرا اگر اسی خاطر خوب قرار کر سن۔ اس وجود خاکی دیکھین ہارا ہو کہ میں تو اس کا جانہارا گو ہر توں

ٹ اع آتا توں فکر کر ع اول دوسرا ممکن الوجود تیسرا ممتنع الوجود چوتھا عارف الوجود۔ واجب الوجود
ٹ نفظ آشکار اندارد۔ ٹ ع دھرتا ہے ٹ رکھن ہارا۔ ٹ ع جان اضافہ۔
ص ع بدارد۔ ص گمان دور ہوتے۔ ص ایتال ندارد ص اسے

Hanif Razvi

خاک نہ ہوے۔ اس جان پنے کوں مرگ نہیں۔ ایسا اس تن میں جان سو توں سب چیزاں پر دوکھ سوکھ، مرنا وجیونا، فانی یاباقی یا ہوتا وجاتا۔ اس کا جانہارا سو توں۔ یہ تن خاکی نہ ہوے توں۔

سوال:۔ کہ صحی نرالا دستا ہوں میں اس تن تھے؟

جواب:۔ اس[۱] کی آنکھیں تن تھے خارج بھی نظر کر دیکھ کچھ دستا یا نہیں؟۔

سوال:۔ یہ تن الادھا[۲] دستا ولیکن جیتا بکار سو ٹوٹے نہیں بلکہ شستنتر[۱] بکار روپ دستا ہے۔ یک[۲] تل قرار نہیں جیوں کی مرکٹ[۳] روپ؟۔

جواب:۔ اے عارف ظاہر تن کے فعل تھے گزریا و باطن کرتب سب دستے، اس کا ناؤں سو ممکن الوجود۔ دوسرا تن[۴] سو یہی کہ اس اینڈرین کا بکار وچیشٹا کرنہارا سو وہی تن، نہیں تو یو خاک و سوکھ دوکھ بھوگن ہارا جیتا بکار روپ وہی دوسرا تن تو توں نظر کر دیکھ یہ تن ہم سوں گزریا تو کن اس کے کیوں رہے۔

---

۱ ل ۱ع اس تھے ان کے ۲ ت الاحدہ ۳ ت مرکھٹ۔ ۱ ے ۲ ت ۳ ع وسکھ ودکھ کا بھوگن ہارا۔ (اضافہ)
ص۱ استر ص۲ وبھی ص۳
۴ع تن (مکرر)

Hanif Razvi

سوال :- جیوں باؤ آیا و نکل گیا و لیکن جھاڑ کا ڈول تو رہیا۔
جواب :- صحیح و لیکن بہت جھڑی ہوئی جھاڑ کوں تو باو نا رہی
اس سبب تیرے نفس کے فعل کے پات تیری روح کے سات لگے
ہیں۔ و بارا سو نفس اس سبب جھولے میں پڑیا تو پس وہاں کا بھی
دیکھن ہارا ہو۔ وہاں کے بکار روپ کا جیتا چیشٹا ہوتا جہاں تھے
سوچ دوسرا تن وہ توں اس کا الاداد دیکھن ہارا سو اس میں نکو گِن
ایسا بکار روپ سو روح کا مرکب و جیسا تن یہ ویسا چھ اسی کا
عکس۔ وہ تن قدیم، میثاق کے وقت کا۔ اول وتن بازدیہ تن۔
اسی کا عکس یو، ایتال کے دیکھنے میں اس کا عکس دیو تن وقتی
ورسیری و طیری کنارے ہوتا ہے۔ و روحانی تن و ملائکاں و
حوراں بھی تن دھرتے ہیں۔ و بت و قولیں بھی تن دھرتے ہیں۔
جسے چیڑ ناپاک دیوانگی کے یہ جیتا اس تن سوں شہوت، حرص
ہوا خمس کا مورچا اس کی صحبت سب اسی آزار ہوتا ہے۔

ٹ باقی (اضافہ) ت صحی ت و سب کا (اضافہ) ت سوتے وقت (اضافہ) ث دو دیو دانو بھی تن
دھرتے ہیں۔ (اضافہ)

ص ا ڈولنا ص جیتا اوسی کا م علاحدہ ص اس کا۔
